मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ

NAAC سے 'A' گریڈ تصدیق شدہ

نمبر: مانو/صیغۂ منتظمہ وبھرتی-II /EF113/2016-17/1175/A

30/ستمبر 2016

گشتی

یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ یونیورسٹی کے چند ملازمین اربابِ مجاز سے پیشگی منظوری کے بغیر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے علاوہ ملک کے دیگر تعلیمی اداروں سے مختلف کورسس کر رہے ہیں۔ مجلس عاملہ نے 21/جون 2016 کو منعقدہ 57ویں اجلاس میں مستقبل میں اس طرح کے معاملات کو قبول نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مزید یہ کہ قواعد ملازمت کی روسے تمام ملازمین کے لیے کسی بھی کورس میں داخلہ سے قبل اربابِ مجاز سے پیشگی اجازت کا حصول ضروری ہے اور انہیں یو جی سی/حکومت ہند کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کیے جانے والے قواعد وضوابط پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔

لہٰذا تمام ملازمین کو ذریعہ ہذا ہدایت دی جاتی ہے کہ اربابِ مجاز کی پیشگی اجازت سے ہی کسی بھی کورس میں داخلہ لیں۔ مزید یہ کہ تمام شعبوں/صیغوں/مراکز وغیرہ کے صدور سے درخواست ہے کہ اس ضمن میں اپنے عملہ کو پیشگی منظوری حاصل کرنے اور مرکزی حکومت کے ملازمین کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی نہ کرنے کی تلقین کریں۔

دستخط
رجسٹرار

بملاحظہ:

تمام ملازمین

نقل برائے:

1. تمام شعبوں/صیغوں/مراکز کے صدور ...... برائے کرم نوٹ فرمائیں اور اپنے عملے کے علم میں لائیں۔
2. دفاتر، وائس چانسلر/رجسٹرار
3. ڈائرکٹر، سی آئی ٹی............ویب سائٹ کے لیے
4. متعلقہ مسل

گچی باؤلی، حیدرآباد 500 032 تلنگانہ، ہندوستان ٹیلیفون نمبر 040-23006601 (دفتر، وائس چانسلر)، 23006121 (رجسٹرار) اور 23006604 (فیکس)
EPABX 2300 6612, 13, 14, 15، ویب سائٹ: www.manuu.ac.in